# تربیتی نِصَاب

حصّہ دوم

**برائے مدارسِ حفظِ قرآن کریم**



حفظ کرنے والے بچوں کی تعلیم و تربیت کے لیے

۱ تجوید و ایمانیات ۲ عبادات

۳ احادیث و مسنون دعائیں ۴ سیرت و اخلاق و آداب

پر مشتمل ایک مختصر اور آسان نصاب


زیرِ سرپرستی
حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب دامت برکاتہم
صدر دار العلوم کراچی

دُعائیہ کلمات
حضرت مولانا ڈاکٹر عبد الرزاق اسکندر صاحب دامت برکاتہم
رئیس جامعۃ العلوم الاسلامیہ علامہ بنوری ٹاؤن کراچی

مکتب تعلیم القرآن الکریم

جمع و ترتیب
علماءِ کرام مکتب تعلیم القرآن الکریم

# تربیتی نصاب حصہ دوم کا مکمل خاکہ

| | | |
|---|---|---|
| تجوید | تجوید | تلاوت کے آداب، قرآن کریم کے فضائل، قرآن کریم یاد رکھنا، سکتہ، قرآن کریم کے بعض کلمات کے بارے میں ضروری معلومات۔ |
| ایمانیات | کلمے<br>عقائد | گزشتہ سال کی دہرائی، سید الاستغفار، ایمان مجمل، ایمان مفصل، فرشتے، آسمانی کتابیں، انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام، ختم نبوت۔ |
| عبادات | طہارت<br>اذان<br>نماز<br>نماز جنازہ | وضو کی سنتیں، وضو کے مستحبات، غسل کے فرائض، تیمم کا بیان، اذان کا بیان، اذان و اقامت کا جواب، کلمات نماز کی دہرائی، نماز کے واجبات، نماز کی سنتیں، نماز کے مستحبات، نماز کے مفسدات، جمعہ کا بیان، مسافر کی نماز، سجدۂ سہو، سجدہ تلاوت، جماعت کا بیان، تراویح کی نماز، عید کی نمازوں کا بیان، تکبیر تشریق، نماز جنازہ کا بیان۔ |
| احادیث | ۲۰ (بیس)<br>احادیث<br>ترجمے کے ساتھ | گزشتہ کی دہرائی ۱ فجر کی نماز کی فضیلت ۲ دین سراسر خیر خواہی ہے ۳ رحم کرنا ۴ اچھے اخلاق کی فضیلت ۵ پڑوسی کو تکلیف دینے کا نقصان ۶ رشوت کا وبال ۷ مسلمان کے ساتھ جھگڑنے کی ممانعت ۸ مسلمان کو برا بھلا کہنے کی ممانعت ۹ چھینا جھپٹی کا نقصان ۱۰ گانے کا نقصان ۱۱ اللہ تعالیٰ سے ڈرو ۱۲ پاکی کی اہمیت ۱۳ بہترین عمل ۱۴ حسد اور کینے کی ممانعت ۱۵ سچائی کا فائدہ ۱۶ جھوٹ کا نقصان ۱۷ کفار کے ساتھ مشابہت کا انجام ۱۸ چوری کرنے کا نقصان ۱۹ جھوٹا دعوٰی کرنے کا نقصان ۲۰ مومن اللہ تعالیٰ کے حکموں کا پابند ہے۔ |
| مسنون دعائیں | مسنون دعائیں | گزشتہ سال کی دہرائی۔ ۱ کپڑے پہننے کی دعا ۲ نئے کپڑے پہننے کی دعا ۳ جب آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھیں تو یہ پڑھیں ۴ مسلمان کو ہنستا ہوا دیکھیں تو یہ دعا دیں ۵ دعوت کھانے کے بعد کی دعا ۶ جب میزبان کے گھر سے چلنے لگیں تو یہ دعا دیں ۷ روزہ افطار کی دعا ۸ افطار کے بعد کی دعا ۹ کسی کے یہاں روزہ افطار کریں تو یہ پڑھیں ۱۰ سواری پر سوار ہونے کی دعا ۱۱ جب کسی منزل پر ٹھہرنے لگیں تو یہ دعا مانگیں ۱۲ جب سورج نکلے تو یہ دعا پڑھیں ۱۳ جب نیا چاند دیکھیں تو یہ دعا مانگیں ۱۴ بخوشی کے موقع پر کہیں ۱۵ پریشانی کے موقع پر کہیں ۱۶ بیمار کی عیادت کی دعا ۱۷ مصیبت زدہ کو دیکھ کر دل میں یہ دعا مانگیں ۱۸ مجلس سے اٹھنے کی دعا ۱۹ بازار کی دعا ۲۰ دولہا کو یوں مبارک باد دیں ۲۱ شب قدر کی دعا ۲۲ قبرستان میں داخل ہونے کی دعا ۲۳ جامع دعا۔ |
| سیرت | غزوات، حج، وفات<br>ازواج مطہرات، اولاد | غزوہ بدر، احد، خندق، صلح حدیبیہ، فتح مکہ، حجۃ الوداع، نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات، ازواج مطہرات، اولاد۔ |
| اخلاق و آداب | چوبیس گھنٹے کے مسنون اعمال، اخلاقیات و آداب | گھر کے آداب، زبان کی حفاظت، بات کرنے کے آداب، قناعت، حسد، سچ، جھوٹ، تواضع، تکبر، لباس کے آداب، دوستی۔ |
| بیان و دعا | | (۲) بیان، (۴) قرآنی دعائیں۔ |

# فہرست مضامین


| | |
|---|---|
| کلماتِ تبریک (حضرت مولانا سلیم اللہ خان صاحب رحمۃ اللہ علیہ) | 6 |
| کلماتِ دعائیہ (حضرت مولانا ڈاکٹر عبدالرزاق اسکندر صاحب مدظلہ) | 7 |
| تقریظ (حضرت مولانا مفتی محمد رفیع عثمانی صاحب مدظلہ العالی) | 8 |
| تقریظ (حضرت مولانا حافظ فضل الرحیم صاحب مدظلہ العالی) | 9 |
| مقدمہ | 10 |
| نصاب کی خصوصیات | 12 |
| نصاب پڑھانے کا طریقہ | 13 |
| تعلیمی ایام | 14 |
| نظام الاوقات | 15 |
| **تجوید** | |
| تلاوت کے آداب | 16 |
| قرآن کریم کے فضائل | 17 |
| قرآن کریم یاد رکھنا | 19 |
| سکتہ | 21 |
| قرآن کریم کے بعض کلمات کے بارے میں ضروری معلومات | 22 |
| **ایمانیات** | |
| گزشتہ سال کی دہرائی | 23 |
| سید الاستغفار | 25 |
| ایمان مجمل | 26 |
| ایمان مفصل | 26 |
| فرشتے | 27 |
| آسمانی کتابیں | 27 |
| انبیاء علیہم الصلوٰۃ والسلام | 28 |
| ختم نبوت | 29 |
| **عبادات** | |
| وضو کے احکام | 30 |
| غُسل کے فرائض | 31 |
| تیمم کا بیان | 32 |
| اذان کا بیان | 33 |
| اذان واقامت کا جواب | 34 |
| کلماتِ نماز کی دہرائی | 35 |
| نماز کے واجبات | 37 |
| نماز کی سنتیں | 38 |
| نماز کے مستحبات | 40 |
| نماز کے مفسدات | 41 |
| جمعہ کا بیان | 42 |
| مسافر کی نماز | 42 |
| سجدۂ سہو | 43 |
| سجدۂ تلاوت | 44 |
| جماعت کا بیان | 46 |

# فہرست


| | |
|---|---|
| تراویح کی نماز | 47 |
| عید کی نمازوں کا بیان | 48 |
| تکبیر تشریق | 49 |
| نماز جنازہ کا بیان | 50 |
| **احادیث** | |
| گزشتہ سال کی دہرائی | 52 |
| فجر کی نماز کی فضیلت | 59 |
| دین سراسر خیر خواہی ہے | 59 |
| رحم کرنا | 60 |
| اچھے اخلاق کی فضیلت | 60 |
| پڑوسی کو تکلیف دینے کا نقصان | 60 |
| رشوت کا وبال | 61 |
| مسلمان کے ساتھ جھگڑنے کی ممانعت | 61 |
| مسلمان کو برُا بھلا کہنے کی ممانعت | 61 |
| چھینا جھپٹی کا نقصان | 62 |
| گانے کا نقصان | 62 |
| اللہ تعالیٰ سے ڈرو | 63 |
| پاکی کی اہمیت | 63 |
| بہترین عمل | 63 |
| حسد اور کینہ کی ممانعت | 64 |
| سچائی کا فائدہ | 64 |
| جھوٹ کا نقصان | 65 |
| کفار کے ساتھ مشابہت کا انجام | 65 |
| چوری کرنے کا نقصان | 65 |
| جھوٹا دعوٰی کرنے کا نقصان | 66 |
| مومن اللہ تعالیٰ کے حکموں کا پابند ہے | 66 |
| **مسنون اذکار و دعائیں** | |
| گزشتہ سال کی دہرائی | 67 |
| کپڑے پہننے کی دعا | 76 |
| نئے کپڑے پہننے کی دعا | 76 |
| جب آئینہ میں اپنا چہرہ دیکھیں تو یہ پڑھیں | 77 |
| کسی مسلمان کو ہنستا ہوا دیکھے تو یہ دعا دیں | 77 |
| دعوت کھانے کے بعد کی دعا | 77 |
| جب میزبان کے گھر سے چلنے لگے تو یہ دعا پڑھیں | 78 |
| جب روزہ افطار کریں تو یہ دعا پڑھیں | 78 |
| افطار کے بعد کی دعا | 79 |
| اگر کسی کے یہاں روزہ افطار کریں تو یہ پڑھیں | 79 |
| سواری پر سوار ہونے کی دعا | 79 |
| جب کسی منزل پر ٹھہرنے لگیں تو یہ دعا مانگیں | 80 |
| جب سورج نکلے تو یہ دعا پڑھیں | 80 |
| جب نیا چاند دیکھیں تو یہ دعا مانگیں | 80 |
| خوشی کے موقع پر کہیں | 81 |
| پریشانی کے موقع پر کہیں | 81 |
| بیمار کی عیادت کی دعا | 81 |
| مصیبت زدہ کو دیکھ کر دل میں یہ دعا مانگیں | 82 |
| مجلس سے اٹھنے کی دعا | 82 |

# فہرست


| | |
|---|---|
| جب بازار میں جائیں تو یہ دعا مانگیں | 83 |
| دولھے کو یوں مبارک باد دیں | 83 |
| شبِ قدر میں یہ دعا مانگیں | 83 |
| قبرستان میں داخل ہونے کی دعا | 84 |
| جامع دعا | 84 |
| **سیرت** | |
| غزوہ بدر | 85 |
| غزوہ احد | 85 |
| غزوہ خندق | 86 |
| صلح حُدیبیہ | 87 |
| فتح مکہ | 88 |
| حجۃ الوداع | 89 |
| نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی وفات | 89 |
| آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مطہرات | 90 |
| ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد | 90 |
| **اخلاق و آداب** | |
| گھر کے آداب | 91 |
| زبان کی حفاظت | 92 |
| بات کرنے کے آداب | 92 |
| قناعت | 94 |
| حسد | 95 |
| سچ | 96 |
| جھوٹ | 97 |
| تواضع اور عاجزی | 98 |
| تکبر اور غرور | 99 |
| لباس کے آداب | 99 |
| دوستی | 101 |
| **بیان و دعا** | 103 |
| عمل چارٹ پُر کرنے کا طریقہ | 107 |
| عمل چارٹ | 108 |
| زبان کی حفاظت | 110 |
| اذان واقامت کا جواب | 112 |
| معاف کرنا | 115 |
| گھر کے آداب | 117 |
| چوری سے بچنا | 118 |
| استغفار اور معافی مانگنا | 120 |
| سچ بولنا | 122 |
| باجماعت نماز (لڑکوں کے لیے) | 124 |
| وقت پر نماز پڑھنا (لڑکیوں کے لیے) | 125 |
| لباس | 126 |
| دوستی | 129 |
| سوالات | 133 |
| حوالہ جات | 137 |
| نماز کی ڈائری | 141 |
| رمضان چارٹ | 146 |
| ماہانہ حاضری و فیس چارٹ | 147 |

# نصاب پڑھانے کا طریقہ

اس نصاب کی ترتیب اور نظام کو اچھی طرح سمجھ لینے کی ضرورت ہے کیوں کہ یہ نصاب ایک نظام کے ساتھ مرتب کیا گیا ہے اور اس کا صحیح فائدہ اسی پر منحصر ہے کہ دونوں کی رعایت ہو۔

نصاب کی تکمیل کے لیے درجِ ذیل اُمور کی رعایت کرنا ضروری ہے:

① اس نصاب کو پڑھانے کے لیے روزانہ کم از کم بیس منٹ کا وقت مقرر کیا گیا ہے۔

② اس پورے نصاب کو اجتماعی طور پر پڑھایا جائے۔ البتہ ہر ایک طالب علم کا سبق انفرادی طور پر اس طرح سنیں کہ ایک طالب علم جب سبق سنا رہا ہو تو باقی طلبا وہ سبق سن رہے ہوں اور طالب علم غلطی کرے تو استاذ خود غلطی درست کرنے کے بجائے طلبا سے پوچھیں کہ کیا غلطی کی ہے؟ اور صحیح کیا ہے؟ تا کہ تمام طلبا متوجہ رہیں۔

③ سبق ان چار طریقوں سے پڑھائیں:

❶ استاذ کہلوائے سب طلبا پڑھیں۔ ❷ تمام طلبا پڑھیں، استاذ سنیں۔

❸ ایک طالب علم کہلوائے، سب پڑھیں۔ ❹ ایک طالب علم پڑھے، سب سنیں۔

④ نصاب میں کچھ اسباق ایسے ہیں جن کو زبانی یاد کرانا ہے، ان کے لیے یہ نشان ''📖'' علامت کے طور پر رکھا گیا ہے اور چند اسباق ایسے ہیں جنہیں طلبا کو اچھی طرح سمجھانا ہے تا کہ ذہن نشین ہو جائیں، ان کے لیے یہ نشان ''☆'' رکھا گیا ہے۔

⑤ بڑے جملے ٹکڑے ٹکڑے کر کے پڑھائیں، جب ٹکڑوں کی صورت میں پڑھنا آ جائے تو مکمل جملہ پڑھائیں۔

⑥ مشکل الفاظ بورڈ پر لکھ کر ان کی وضاحت کی جائے۔

# سبق: ۳ قرآن کریم یاد رکھنا

📖 قرآن کریم حفظ کر کے اسے یاد رکھنا فرض عین اور ضروری ہے۔ قرآن کریم یاد کر کے غفلت کرنا، سستی، لاپرواہی کرنا اور یاد کر کے بھلا دینا بڑا گناہ ہے۔

📖 نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا:

''میرے سامنے میری امت کے گناہ پیش کیے گئے، سب سے بڑا گناہ جو میں نے دیکھا وہ قرآن کریم کی کوئی سورت یا کوئی آیت یاد کر کے بھول جانا ہے۔''(۵)

☆ حضرت سَمُرَہ بن جُندُب رضی اللہ عنہ فرماتے ہیں:

نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کی مبارک عادت یہ تھی کہ اکثر فجر کی نماز کے بعد بیٹھ جاتے اور صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سے پوچھتے: ''کیا تم میں سے کسی نے کوئی خواب دیکھا ہے؟''

کسی صحابی نے خواب دیکھا ہوتا تو وہ بیان کرتا۔

آپ صلی اللہ علیہ وسلم اس خواب کی تعبیر بتا دیتے۔

☆ ایک مرتبہ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم نے صبح کے وقت ہم سے ارشاد فرمایا:

''آج رات میرے پاس دو فرشتے آئے، مجھے اٹھایا اور مجھ سے کہا: آپ چلیے! میں ان کے ساتھ چل پڑا۔ ہمارا گزر ایک آدمی پر ہوا جو لیٹا ہوا تھا اور ایک دوسرا پتھر کی ایک چٹان لیے اس کے پاس کھڑا ہوا تھا۔ جو زور سے چٹان اس آدمی کے سر پر مارتا ہے کہ اس کا سر کچل جاتا ہے اور وہ چٹان لڑھک کر دور جا گرتی ہے، وہ اس چٹان کو اٹھانے کے لیے جاتا ہے، جب وہ چٹان لے کر آتا ہے تو اس کا سر

# سبق: ۱۰ ختمِ نبوّت

📖 ہمارے نبی کا نام حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم ہے۔

📖 حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم تمام انسانوں کے سردار ہیں۔[۱۰]

☆ نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم پر اللہ تعالیٰ نے دین کو مکمل کردیا ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کو قیامت تک کے تمام انسانوں کے لیے نبی اور رسول بنا کر بھیجا ہے۔

📖 اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر نبوت کا سلسلہ ختم فرمادیا ہے۔

📖 اب قیامت تک اور کوئی نیا نبی نہیں آئے گا۔ اسی وجہ سے آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا لقب ''خَاتَمُ النَّبِیّٖن'' (نبیوں کا سلسلہ ختم کرنے والے) ہے۔

☆ اللہ تعالیٰ کا ارشاد ہے:

''مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ۔''[۱۱]

☆ ترجمہ: ''(مسلمانو!) محمد (صلی اللہ علیہ وسلم) تم مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں ہیں، لیکن وہ اللہ کے رسول ہیں اور تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی ہیں۔''

📖 رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''اَنَا خَاتَمُ النَّبِیّٖنَ لَا نَبِیَّ بَعْدِیْ۔''[۱۲]

📖 ترجمہ: ''میں تمام نبیوں میں سب سے آخری نبی ہوں، میرے بعد کوئی نبی نہیں آئے گا۔''

☆ ہمیں چاہیے کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم سے محبت کریں، آپ صلی اللہ علیہ وسلم کے مبارک طریقوں پر خود بھی عمل کریں اور دوسروں کو بھی ان پر عمل کرنے کی ترغیب دیں۔

| سبق: ۱۰ | دسویں مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلّم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

📖 صبح کی اذان میں ''حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ'' کے بعد ''اَلصَّلٰوۃُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ'' (نماز نیند سے بہتر ہے) بھی دو مرتبہ کہنا چاہیے۔ (۴)

📖 جماعت کی نماز سے پہلے جو کلمات کہے جاتے ہیں اُنھیں ''اقامت'' کہتے ہیں۔

☆ اقامت کے کلمات اذان کے کلمات کی طرح ہیں۔

📖 اقامت میں ''حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ'' کے بعد دو مرتبہ ''قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ'' بھی کہیں۔ (۵)

# اذان واقامت کا جواب

☆ اذان واقامت کا جواب دینا مستحب ہے۔

📖 اَللّٰهُ اَكْبَرُ کے جواب میں اَللّٰهُ اَكْبَرُ......

اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے جواب میں اَشْهَدُ اَنْ لَّآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ......

اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ کے جواب میں اَشْهَدُ اَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُوْلُ اللّٰهِ..

''حَيَّ عَلَى الصَّلٰوۃِ'' اور ''حَيَّ عَلَى الْفَلَاحِ'' کے جواب میں ''لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ''

اَللّٰهُ اَكْبَرُ کے جواب میں اَللّٰهُ اَكْبَرُ اور لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کے جواب میں لَآ اِلٰهَ اِلَّا اللّٰهُ کہیں (۶)

📖 فجر کی اذان میں ''اَلصَّلٰوۃُ خَيْرٌ مِّنَ النَّوْمِ'' کے جواب میں ''صَدَقْتَ وَبَرَرْتَ'' کہیں۔ (۷)

📖 اقامت کا جواب اذان کے جواب کی طرح ہے۔

📖 ''قَدْ قَامَتِ الصَّلٰوۃُ'' کے جواب میں ''اَقَامَهَا اللّٰهُ وَاَدَامَهَا'' کہیں۔ (۸)

| سبق: ۲ | دوسرے مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلّم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

# جمعہ کا بیان

📖 **نمازِ جمعہ:** جمعہ کی نماز فرض ہے جو جمعہ کے دن ظہر کے وقت میں پڑھی جاتی ہے۔

📖 جمعہ کے لیے مسجد جلدی جانا چاہیے، جو شخص جتنا پہلے جائے گا اس کو اتنا ہی زیادہ ثواب ملے گا۔

📖 **جمعہ کے دن کی سنتیں:**

١ غسل کرنا۔ (٢٢)
٢ تیل اور خوشبو لگانا۔ (٢٣)
٣ اچھے کپڑے پہننا۔ (٢٤)
٤ مسجد جلدی جانا۔ (٢٥)
٥ مسجد پیدل جانا۔ (٢٦)
٦ سورۂ کہف کی تلاوت کرنا۔ (٢٧)
٧ کثرت سے درود شریف پڑھنا۔ (٢٨)

## خطبۂ جمعہ:

📖 جمعہ میں خطبہ پڑھنا واجب ہے۔ (٢٩)

📖 جب امام خطبہ پڑھے تو اسے غور سے سننا اور خاموش رہنا ضروری ہے، اس وقت نماز پڑھنا، بات کرنا، کھانا پینا، کسی کی بات کا جواب دینا، کسی کو بات کرنے سے روکنا، قرآن کریم پڑھنا وغیرہ سب منع ہے۔ (٣٠)

☆ عربی میں خطبہ پڑھنا سنت ہے عربی زبان کے علاوہ دوسری زبان میں خطبہ پڑھنا بدعت اور ناجائز ہے۔ (٣١)

📖 جمعہ کی پہلی اذان ہوتے ہی تمام کاموں کو چھوڑ کر نماز کے لیے جانا واجب ہے، اس وقت جمعہ کی تیاری کے علاوہ کسی اور کام میں لگنا جائز نہیں ہے۔ (٣٢)

# مسافر کی نماز

📖 **مسافر:** جب کوئی ۴۸ میل (تقریباً ۷۸ کلومیٹر) سفر کا ارادہ کر کے اپنی بستی یا شہر سے نکلے تو وہ شرعاً "مسافر" بن جائے گا۔ چاہے یہ سفر گھنٹوں میں طے ہو جائے یا منٹوں میں۔

۱۲

## ظلم کی ممانعت

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِتَّقُوا الظُّلْمَ۔'' (۱۳)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''ظلم کرنے سے بچو۔''

۱۳

## کنجوسی کی ممانعت

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''اِتَّقُوا الشُّحَّ۔'' (۱۴)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''کنجوسی سے بچو۔''

۱۴

## چغل خوری کی ممانعت

قَالَ رَسُوْلُ اللهِ صَلَّى اللهُ عَلَيْهِ وَسَلَّمَ: ''لَا يَدْخُلُ الْجَنَّةَ قَتَّاتٌ۔'' (۱۵)

ترجمہ: رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: ''چغل خور جنت میں داخل نہیں ہوگا۔''

۷

## سوکر اٹھنے کے بعد کی دعا

"اَلْحَمْدُ لِلّٰهِ الَّذِیْٓ اَحْیَانَا بَعْدَ مَآ اَمَاتَنَا وَاِلَیْهِ النُّشُوْرُ۔"[۱۳]

ترجمہ: "تمام تعریفیں اللہ کے لیے ہیں جس نے ہمیں موت دینے کے بعد زندگی دی اور اسی کی طرف سب کو جانا ہے۔"

۸

## علم میں اضافے کی دعا

"رَبِّ زِدْنِیْ عِلْمًا۔"[۱۴]

ترجمہ: "اے میرے رب! میرے علم میں اضافہ فرما۔"

۹

## وضو کے درمیان کی دعا

"اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِیْ ذَنْۢبِیْ وَوَسِّعْ لِیْ فِیْ دَارِیْ وَبَارِكْ لِیْ فِیْ رِزْقِیْ۔"[۱۵]

ترجمہ: "اے اللہ! میرے گناہ بخش دیجیے اور میرا گھر کشادہ کر دیجیے اور میری روزی میں برکت عطا فرما دیجیے۔"

# آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی ازواج مُطَہَّرات

- ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی گیارہ بیویاں تھیں،
- انہیں ''ازواجِ مُطَہَّرات'' کہتے ہیں۔
- ان کے نام یہ ہیں:




- یہ سب ازواجِ مطہرات اُمّت کی مائیں ہیں، اسی لیے انہیں اُمَّھَاتُ الْمُؤْمِنِیْن (مومنوں کی مائیں) کہا جاتا ہے۔

# ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی اولاد

- ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے تین بیٹے تھے:

۱ حضرت عبداللہ رضی اللہ عنہ ۲ حضرت قاسم رضی اللہ عنہ ۳ حضرت ابراہیم رضی اللہ عنہ۔

- ہمارے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی چار بیٹیاں تھیں:

۱ حضرت زینب رضی اللہ عنہا ۲ حضرت رقیہ رضی اللہ عنہا

۳ حضرت ام کلثوم رضی اللہ عنہا ۴ حضرت فاطمہ رضی اللہ عنہا۔

# حسد

حسد: حسد یہ ہے کہ کسی شخص کے پاس نعمت دیکھ کر دل میں یہ تمنا اور آرزو کرنا کہ اس کے پاس یہ نعمت باقی نہ رہے، چاہے وہ نعمت خود کو ملے یا نہ ملے اسے "حسد" کہتے ہیں۔[۱]

رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

''حسد سے بچتے رہو، بے شک حسد نیکیوں کو اس طرح کھا جاتا ہے، جیسے آگ سوکھی لکڑیوں کو کھا جاتی ہے۔''[۲]

حسد کرنا بری عادت ہے۔ اس سے یہ نقصانات ہوتے ہیں:

۱. حسد کرنے سے اللہ تعالیٰ ناراض ہوتے ہیں۔
۲. حسد سے چہرے کی رونق ختم ہو جاتی ہے۔
۳. طبیعت میں چڑچڑا پن پیدا ہو جاتا ہے۔
۴. حسد سے صحت برباد ہو جاتی ہے۔
۵. حسد کرنے والا اپنا ہی نقصان کرتا ہے۔

## حسد کا علاج:

☆ حدیث شریف میں حسد کا علاج یہ بتایا گیا ہے:

"جب (کسی کے پاس نعمت دیکھ کر) حسد پیدا ہو تو (اس سے نعمت) ختم کرنے کی کوشش مت کرو۔"[۳]

☆ جب دوسرے کے پاس نعمت دیکھ کر دل میں حسد اور جلن پیدا ہو تو یہ تین کام کریں:

۱. اپنے اس خیال کو دل سے برا سمجھیں۔
۲. اللہ تعالیٰ سے اس کے لیے خیر کی یوں دعا مانگیں:
''اے اللہ! اس کی اس نعمت میں برکت اور ترقی عطا فرما۔''
۳. اللہ تعالیٰ سے اپنے لیے یہ دعا مانگیں:
''اے اللہ! میرے دل میں اس نعمت کی وجہ سے جو جلن پیدا ہو رہی ہے، اپنے فضل اور رحمت سے اس کو ختم فرما۔''[۴]

| سبق: ۶ | چھٹے مہینے میں دس دن پڑھائیں | دستخط معلّم/معلمہ | | دستخط سرپرست | |
|---|---|---|---|---|---|

# عملی چارٹ پُر کرنے کا طریقہ

عمل چارٹ میں طلبا/ طالبات کی تربیت کے لیے دس اہم اعمال دیے گئے ہیں۔ جیسے!

زبان کی حفاظت، معاف کرنا اور سچ بولنا وغیرہ... بچوں کو عمل پر لانے اور ان پر اہتمام کے لیے ہر مہینے ایک عملی کام دیا گیا ہے۔

محترم معلم/معلمہ پورا مہینہ واپسی کی بات اور کارگزاری اس کے مطابق کریں۔

① **زبان کی حفاظت:** بچہ اگر اچھی بات کرے، تمیز سے بات کرے تو (✓) کا نشان اور اگر بری بات کرے، بدتمیزی کرے تو (✗) کا نشان لگائیں۔

② **اذان و اقامت کا جواب:** بچہ (۱) اذان کے وقت خاموش ہو جائے (۲) اذان کا جواب دے (۳) نماز کی تیاری کرے تو (✓) کا نشان اور اگر نہ کرے تو (✗) کا نشان لگائیں۔

③ **معاف کرنا:** بچہ اگر معاف کر دے، جھگڑا نہ کرے تو (✓) کا نشان اور اگر معاف نہ کرے، جھگڑا کرے تو (✗) کا نشان لگائیں۔

④ **گھر کے آداب:** (۱) بچہ گھر میں داخل ہو کر دعا پڑھنے کا اہتمام کرے (۲) سلام کرے (۳) گھر سے نکلتے ہوئے دعا پڑھنے کا اہتمام کرے تو (✓) کا نشان اور اگر اہتمام نہ کرے تو (✗) کا نشان لگائیں۔

⑤ **چوری سے بچنا:** بچہ دوسرے کی چیز اجازت لے کر استعمال کرے تو (✓) کا نشان اور اگر بغیر بتائے کوئی چیز لے تو (✗) کا نشان لگائیں۔

⑥ **استغفار اور معافی مانگنا:** بچہ روزانہ صبح و شام ایک مرتبہ "سَیِّدُ الْاِسْتِغْفَار" پڑھے تو (✓) کا نشان اور اگر نہ پڑھے تو (✗) کا نشان لگائیں۔

⑦ **سچ بولنا:** بچہ اگر دن بھر سچ بولے تو (✓) کا نشان اور دن میں ایک مرتبہ بھی جھوٹ بولے تو (✗) کا نشان لگائیں۔

⑧ **با جماعت نماز:** بچہ نماز جماعت سے پڑھے تو (✓) کا نشان اور جو نماز جماعت سے نہ پڑھے تو (✗) کا نشان لگائیں۔

**وقت پر نماز پڑھنا:** بچی نماز وقت پر پڑھے تو (✓) کا نشان اور جو نماز وقت پر نہ پڑھے تو (✗) کا نشان لگائیں۔

⑨ **لباس:** لڑکے شلوار ٹخنوں سے اوپر رکھے اور لڑکیاں سر پر دوپٹہ پہنیں تو (✓) کا نشان، اگر ایسا نہ کریں تو (✗) کا نشان لگائیں۔

⑩ **دوستی:** بچہ اگر اچھے بچوں سے دوستی کرے تو (✓) کا نشان اور اگر گندے بچوں کے ساتھ دوستی کرے، ان کے ساتھ رہے تو (✗) کا نشان لگائیں۔

# ماہانہ حاضری اور فیس چارٹ

| مہینہ | کل ایام تعلیم | ایام حاضری | غیر حاضری | فیس | دستخط معلّم/معلّمہ | دستخط سرپرست |
|---|---|---|---|---|---|---|
| جنوری | | | | | | |
| فروری | | | | | | |
| مارچ | | | | | | |
| اپریل | | | | | | |
| مئی | | | | | | |
| جون | | | | | | |
| جولائی | | | | | | |
| اگست | | | | | | |
| ستمبر | | | | | | |
| اکتوبر | | | | | | |
| نومبر | | | | | | |
| دسمبر | | | | | | |

دستخط ذمہ دار: ____________

# مکتب تعلیم القرآن الکریم کی مطبوعات

قرآن کریم | پنج پارہ | پنج پارہ | عمّ پارہ | نورانی قاعدہ | نورانی قاعدہ بورڈ پر پڑھانے کا طریقہ



تربیتی نصاب برائے مکاتب قرآنیہ (ناظرہ)



تربیتی نصاب (مستورات) | تربیتی نصاب (بالغان) | تربیتی نصاب برائے مدارس حفظ



راہنمائے اساتذہ | تربیتی نصاب برائے اسکول | مونٹیسوری (جونیئر لیول) | تربیتی نصاب برائے اسکول | معیاری مکتب کے راہنما اصول



**تربیتی نِصَاب برائے مدارسِ حفظِ قرآن کریم (حصّہ دوم)** — قیمت =/170 روپے